**Series SKS/1/C**

کوڈ نمبر
Code No. **263/1/3**

رول نمبر
Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات 7 ہیں۔
- سوال کے پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ سوال کے پرچہ میں 30 سوال ہیں۔
- برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 منٹ سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains 7 printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains 30 questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# کاروباری علوم (علمِ تجارت)

# BUSINESS STUDIES

**(Urdu Version)**

مقررہ وقت : 3 گھنٹہ — کُل نمبر : 90

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum Marks : 90*



collegedunia
India's largest Student Review Platform

## عام ہدایات :

(i) 1 نمبر کے سوال کا جواب 1 لفظ سے 1 فقرہ تک ہوسکتا ہے۔

(ii) 3 نمبروں کے سوال کا جواب 50 سے 75 الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(iii) 4 یا 5 نمبروں کے سوال کا جواب لگ بھگ 150 الفاظ تک ہوگا۔

(iv) 6 نمبروں کے سوال کا جواب لگ بھگ 200 الفاظ تک ہوگا۔

(v) کسی ایک سوال کے سبھی حصّوں کے جواب، جواب کاپی میں ساتھ ساتھ لکھئے۔

1۔ لیڈرشپ کی خودکار (Autocratic) طرز کے معنی لکھیئے۔ 1

2۔ انتظامیہ کے کام کے طور پر 'ہدایت کاری' (Directing) کی اصطلاحی تعریف لکھیئے۔ 1

3۔ لکھیئے کہ 'عملہ کاری' کس طرح انسانی وسائل کے بہترین استعمال کو یقینی بناتی ہے۔ 1

4۔ 'اتھارٹی' کی بطور 'سپردگی" اصطلاحی تعریف لکھیئے۔ 1

5۔ مالی ثالثیت (Financial intermediation) کے کیا معنی ہیں؟ 1

6۔ کنٹرول (قابو) رکھنا کس طرح مستقبل رُخی کام ہے۔؟ بیان کیجئے۔ 1

7۔ "ترقی کے امکان" کس طرح مقسوم کی قدر کے فیصلے کو مؤثر کرتے ہیں؟ لکھیئے۔ 1

8۔ انتظام کے کئی مقاصد سے ایک مقصد ہوتا ہے۔ سوسائٹی کے مختلف حصّوں کے لئے لگاتار معاشیاتی قدر بنائے رکھنا۔ دو ایسی مثالیں دیں۔ 1



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

9- ایک کمپنی میں منیجر عائشہ نے فیصلہ کیا کہ اُس کی کمپنی میں مال، بازارکاری، پیداکاری اور شرح بندی کے لئے الگ الگ محکمیں ہوں گے۔ اُس کا یہ فیصلہ انتظام کے ایک خاص اصول پر مبنی ہے۔ اِس اصول کا نام بتائیے۔ 1

10- انتظام کے اصولوں کی بنا پر وجہ اور اثر کا صحیح رشتہ قائم نہیں کیا جاسکتا۔ کیوں؟ 1

11- با اصول تنظیم کا کوئی ایک پہلو بیان کیجئے۔ 1

12- کام کرنے کے ماحول سے کیا سمجھا جاتا ہے؟ 1

13- منصوبہ کی قسم کے طور پر 'عمل' ( Procedure ) کو سمجھائیے 3

14- سمجھائیے کیسے:

(a) منصوبہ بندی کا مقصد ہوتا ہے مقاصد کو حاصل کرنا۔

(b) منصوبہ بندی کامیابی کی گارنٹی نہیں کرتی۔ 3

15- کنھی تین اِنحصاروں پر مالی بازار کے دو حصّوں میں فرق کیجئے۔ 3

16- پلک، بالوں کے لئے تیل خریدنے کے لئے ایک دکان دار کے پاس گئی۔ پلک کی مرضی کا لحاظ کئے بِنا دکاندار نے حاصل قسموں میں سے تیل کی ایک خاص قسم کو خریدنے کے لئے پلک کو مجبور کیا۔ بطور صارف پلک کے کِس حق کو اُلٹایا گیا۔ اِس حق کا نام لکھیئے اور وضاحت کیجئے۔ 3



collegedunia India's largest Student Review Platform

17۔ مندرجہ ذیل کی بنا پر 'بازار کاری کے نظریہ کی فلاسفی' اور 'فروخت کاری کے نظریہ کی فلاسفی' میں فرق کیجیے:

(a) معنی

(b) سب سے اہم نقطہ ماسکہ اور

(c) وسائل — 3

18۔ صارفوں کے نقطہ نگاہ سے صارفوں کی حفاظت کی اہمیت کو ظاہر کرنے والے کوئی تین نقاط بیان کیجیے۔ — 3

19۔ انتظام کی خصوصیات پر روشنی ڈالنے والے کوئی چار نقاط بیان کیجیے۔ — 4

20۔ سائنس انتظام کی شکل میں 'مطابقت نہ کہ اختلاف' اور تکنیک کی شکل میں مطالعہ چال کو سمجھائیے۔ — 4

21۔ اسٹاک ایکسچینج (Stock Exchange) کے کوئی چار کام بیان کیجیے۔ — 4

22۔ سپریم کورٹ کی جاری کردہ ہدایت کے مطابق سرکار نے ایک حکم جاری کیا کہ سبھی تعلیمی اداروں کے 200 میٹر کی دوری کے اندر تمباکو والی اشیا کی بکری نہیں ہوگی، کیونکہ

(a) اس کا استعمال صحت کے لئے نقصان دہ ہے۔

(b) لوگوں کو باصحت اور ٹھیک رہنے کا زیادہ خیال رہنے لگا ہے۔

یہ ظاہر کرتا ہے کہ سرکار اس معاملے میں ہوشیار ہے۔

مذکورہ پیراگراف کے نقاط کی طرف اشارہ کرتے ہوئے چار مختلف باتوں میں 'کاروباری ماحول' کی پہچان پیش کیجیے۔ — 4



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

2 . کری ایٹیو پبلک اسکول (Creative Public school) کے تجارت مضمون کے طالب علموں نے کاروباری مطالعہ مضمون کے پراجیکٹ کام کے طور پر سوچا کہ اسکول سے ملنے والے سبھی ردّی کاغذوں کو دوبارہ مشین میں ڈال کر حاصل کاغذ سے اسکولی بچوں کے لئے رجسٹر اور کاپیاں بنائی جائیں۔ اُنہوں نے اپنے خیال کو اسکول کے پرنسپل کے سامنے پیش کیا۔ پرنسپل نے نہ صرف اُن کی تعریف کی بلکہ اُن کو اجازت بھی دے دی۔ اسکول نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ رجسٹروں اور کاپیوں کی فروخت سے حاصل آمدنی کا 50 فی صد حصّہ اندھے بچّوں کے ایک نزدیک کے اسکول کو عطا کیا جائیگا۔

(ھ) طالب علموں کے شئے متعلقہ لئے جانے والے کنہیں دو فیصلوں کو سمجھائیے۔

(ط) اپنی بنائی گئی کاپیوں اور رجسٹروں کے لئے موزوں نام طے کرتے وقت بچوں کے خیال میں رکھنے کی کوئی دو باتیں بھی سمجھائیے۔

(ج) کری ایٹیو پبلک اسکول کے پراجیکٹ سے سوسائٹی کو ملنے والی کنہی دو قدروں کی پہچان بھی کیجئے۔

5

24 . ایک کمپنی کا ڈائریکٹر ہریش اپنی ایک کپڑے بنانے کی فیکٹری کے فالتو بچے سامان سے بھرتی دار کھلونے بنانے کی تجویز رکھتا ہے۔ اُس نے فیصلہ کیا کہ یہ صنعتی اکائی کسی گاؤں میں لگائی جائیگی۔ اِس کام کے لئے اُس نے رحمان، انیتا بینرجی، ہرپریت کور اور اُمیش (جو ایک الگ طریقہ سے کام کا کاریگر ہے لیکن بہت عقلمند اور نئے ڈیزائن بنانے میں کارگر ہے) کو بالترتیب فروخت کرنے، حساب کتاب رکھنے، خریداری کرنے اور پیداکاری کرنے کے محکموں کے سربراہ کے طور پر چُنا۔

(ھ) مختلف محکموں کے سربراہوں کے چُناؤ کے بعد دیگر عملہ برقرار کرنے کے ہریش کے تین اقدام کی پہچان کر اُنہیں واضح کیجئے۔



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

(b) اس صنعتی اکائی کو قائم کرنے سے ہریش جن قدروں کو دکھانا چاہتا ہے
5 اُن میں سے کنہی دو کو بتائیے۔

25۔ منصوبہ بندی اور قابو کاری نہ الگ ہوسکنے والے انتظام کے دو حصّے ہیں۔
5 سمجھائیے کیسے۔

26۔ مالی انتظام کے کیا معنی ہیں۔ مالی فیصلہ کاری کے تحت اصل کاری کے فیصلہ اور
5 نفع بانٹ کے فیصلہ کو سمجھائیے۔

27۔ ایک کمپنی کی کام کاری اصل کی مانگ کو اثر انداز کرنے والے کنہی چار عاملوں کو
6 سمجھائیے۔

۔یا۔

'مالی منصوبہ بندی' کے نظریہ کی وضاحت کیجئے۔
ایک تجارتی ادارہ کی مکمل منصوبہ بندی میں اسے اہم حصّہ کیوں مانا جاتا ہے؟
ایسے کوئی پانچ نقاط واضح کیجئے۔

28۔ "بکری کو ترقی دینا" کیا معنی رکھتا ہے؟ ایک ایک مثال کے ساتھ بکری کو ترقی
6 دینے کے کوئی پانچ طریقے سمجھائیے۔

۔یا۔

"بازارکاری" کے ذیلی کاموں کی وضاحت کیجئے:
(a) بازار کی جانکاریوں کو اکٹھا کرنا اور اُن کا تجزیہ کرنا
(b) ہم معیاریت (Standardisation) اور درجہ بندی (Grading)
(c) خریدار امدادی خدمات (Customer Support Services)



collegedunia India's largest Student Review Platform

29. کنہی چھ بنیادوں پر تنظیم کاری کی کام کاری اور تقسیم کاری ساخت میں فرق کیجیے۔ 6

- یا -

غیر مرکزیت کی اہمیت کے کوئی چار نقاط مختصراً واضح کیجیے۔

30. کارگر خبر رسائی کے لئے خبر رسائی کی رکاوٹوں کو دور رکھنے کے موزوں طریقوں کو اپنانا ہوگا۔ ایسے کوئی چار طریقے مختصراً واضح کیجیے۔ 6

- یا -

کسی بھی تنظیم کے لئے سپروائزر کا کام لازمی ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ بہت سے کام کرتا ہے۔ سپروائزر کے کوئی چار کام واضح کیجیے۔

collegedunia.com
India's largest Student Review Platform